# New Model Paper - 1
# Urdu (First Language)
# (Composit Course)
# X Class 2020-21

Time : 3:15 Mts. Max. Marks : 70

PART - A & B

---

**طلباء کے لیے ہدایات:**

1۔ یہ سوالیہ پرچہ دوحصوں پارٹ A اور پارٹ B پر مشتمل ہے۔

2۔ پارٹ A میں I۔سمجھنا۔ردِعمل ظاہر کرنا اور II۔اظہارِمافی الضمیر اور تخلیقی صلاحیت کا اظہار پر مبنی ہے۔

3۔ پارٹ B III۔زبان شناسی پر مبنی ہے۔

4۔ سوالیہ پرچہ پارٹ A اور B کے مطالعہ کے لیے 15 منٹ اور سوالات کے جوابات کے لیے 3:00 گھنٹے مقرر ہیں۔

5۔ پارٹ A کے تمام سوالات کے جواب جوابی بیاض میں لکھیں۔ پارٹ B کے جوابات اسی پرچہ میں لکھیں۔

---

PART - A Marks : 70

---

**I۔ سمجھنا ۔ اظہارِخیال کرنا (20 نشانات)**

(A) درجِ ذیل دیے گئے اشعار پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5 x 1 = 5

نظر جھکائے عروسِ فطرت جبیں سے زلفیں ہٹا رہی ہے
سحر کا تارہ ہے زلزلے میں اُفق کی لو تھرتھرا رہی ہے
روش روش نغمۂ طرب ہے چمن چمن جشنِ رنگ و بو ہے
طیور شاخوں پہ ہیں غزل خواں کلی کلی گنگنا رہی ہے

1۔ یہ اشعار کس نظم کا حصہ ہیں؟

2۔ ان اشعار کے لکھنے والے شاعر کا نام کیا ہے؟

3۔ نظر کون جھکائے ہوئے ہے۔

4۔ زلزلے میں کیا ہے؟

5۔ طیور شاخوں پر کیا کر رہی ہیں؟

(B) ذیل میں دی گئی عبارت پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5 x 1 = 5

جہاں پناہ ایاز جس پلنگ پر سوتا ہے اِس میں ہیرے جواہرات ہوں گے سلطان نے ایاز سے پوچھا تو ایاز نے کہا حضور آپ کو اِس کی کنجی دیتا ہوں۔آپ ہی دیکھ لیجیے۔سلطان محمود نے صندوق کھولا تو سوائے پھٹے پرانے کپڑوں کے کچھ نہ تھا۔سلطان نے پوچھا ایاز یہ پھٹے پرانے کپڑے کیوں رکھے ہوئے ہیں۔
ایاز نے کہا یہ کپڑے میرے یہاں آنے سے پہلے کے ہیں۔ ہر روز میں انہیں دیکھتا ہوں تا کہ مجھے اپنا ماضی یاد رہے۔یہ سن کر سلطان محمود غزنوی بہت خوش ہوا اور ایاز کو انعام واکرام سے نوازا۔

6۔ جہاں پناہ کو ایاز کے متعلق کیا شکایت کی گئی؟

7۔ صندوق کھولا گیا تو اس میں کیا نکلا؟

8۔ ہر روز ایاز پرانے کپڑوں کو کیوں دیکھتا تھا؟

9۔ ایاز نے کنجی کسے دے دی؟

10۔ ایاز سے خوش ہو کر محمود غزنوی نے کیا کیا؟

(C) درجِ ذیل اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ $2 \times 2^1/_2 = 5$

11۔ طیور بزم سحر کے مطرب، لچکتی شاخوں پہ گا رہے ہیں
نسیم فردوس کی سہیلی گلوں کو جھولا جھلا رہی ہے

12۔ ہم ہیں مشتاق اور وہ بے زار
یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟

13۔ وہ ابر درفشاں ہیں چمن میں کمال کے
عاشق نہال کیوں نہ ہوں عاشق نہال کے

14۔ وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوتِ ہادی
عرب کی زمیں جس نے ساری ہلادی

(D) مندرجہ ذیل اشعار کو مناسب الفاظ سے مکمل کیجیے۔ 5 x 1 = 5

15۔ اڑا ہر طرف غل یہ پیغام ______________ سے

16۔ کرتے ہیں جانور بھی ہمیشہ اسی کا ______________

17۔ کلی پہ بیلے کی کس ادا سے پڑا ہے ______________ کا ایک موتی

18۔ ہم ہیں ______________ اور وہ بے زار

19۔ وہ ______________ میں رحمت لقب پانے والا

**II۔ اظہارِ مافی الضمیر ۔ تخلیقی اظہار (30 نشانات)**

(A) درجِ ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب لکھیے۔ 5 x 2 = 10

20۔ زباں و دل سے شہادت دینے کا کیا مطلب ہے؟

21۔ دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی کس طرح ممکن ہے؟

22۔ شاعر نے تاروں کو کس سے تشبیہہ دی ہے؟

23۔ درویش کسے کہتے ہیں؟

24۔ آج بھی گاؤں میں ایک آدمی کی موت کو گاؤں کی موت سمجھا جاتا ہے؟ کیوں بتلائیے۔

25۔ جہانگیر علی نے قلی قطب شاہ کو شہر حیدر آباد کے کون کونسے نظارے بتائیے؟

26۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے کس کو پکّا ڈاکو کہا ہے؟

27۔ آپ اپنی دیش کی خدمت کیسے کرو گے؟

(B) مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جواب لکھیے 3 x 5 = 15

28۔ آپ کو شہر پسند ہے یا گاؤں؟ کیوں؟ لکھیے۔

29۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہو۔ لکھیے؟

30۔ یہ ملک کن حالات سے دوچار ہے تفصیل سے لکھیے۔

31۔ الطاف حسین حالی کی نعت میں حضور اکرم ﷺ کے کن اوصاف حمیدہ اور خصائل جمیلہ کو بیان کیا گیا ہے؟ بتلائیے۔

32۔ نیک بندوں کے رتبے کو دیکھ کر عام لوگ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

33۔ ''نسیم فردوس کی سہیلی گلوں کو جھولا جھلا رہی ہے'' اس مصرعہ میں شاعر کیا بتانا چاہتا ہے۔

(C) درجِ ذیل میں سے کسی ایک خط کا جواب لکھیے۔ 1 x 5 = 5

34۔ اپنے والد یا دوست کے نام خط لکھیے اور بتائیے کہ آپ کے مدرسے میں یومِ اساتذہ کس طرح منایا گیا؟

35۔ اپنے والد یا دوست کے نام خط لکھیے اور بتلائیے کہ آپ نے کن کن مقامات کی سیر کی ہے؟

......◆......

# New Model Paper - 2
# Urdu (First Language)
# Composit Course
# X Class - 2020-21

Time : 30 Mts. PART - B Max. Marks : 20

**طلباء کے لیے ہدایات:**

1۔ ہر سوال کا جواب لکھیں۔

2۔ ہر سوال کے لیے 1 نشان مقرر ہے۔

3۔ پارٹ B کے سوالات کے جواب پارٹ B ہی میں لکھ کر پارٹ A کے ساتھ منسلک کریں۔

4۔ جوابات واضح ہوں۔ مبہم نہ ہوں

5۔ ایک بار جواب لکھنے کے بعد اُسکی تصحیح نہ کریں۔

**I۔ زبان شناسی: (20 نشانات)**

(A) مندرجہ ذیل دیے گئے معروضی سوالات کے جوابات کو مناسب جواب کا انتخاب کرکے A/B/C/D کو دیے گئے قوسین میں لکھیے۔ 10 x 1 = 10

1۔ لفظ ''آواز'' کا مترادف لفظ ہے۔ ( )

(A) صورت (B) صوت (C) سورج (D) مورت

2۔ لفظ ''خدمت'' کا لاحقہ ہے۔ ( )

(A) ناک (B) دار (C) گار (D) کار

3۔ علمِ عروض ایک فن ہے۔ ( )

(A) مشہور (B) نامقبول (C) کشتی (D) پکانے

4۔ سرکس کے کرتبوں نے مجھے مبہوت کر دیا۔ لفظ 'مبہوت' کے معنی ہیں ( )

(A) پریشان (B) ویران (C) حیران (D) ہولناک

5۔ طویل ٹھہراؤ کے لیے استعمال کی جانی والی علامت کہلاتی ہے۔ ( )

(A) رابطہ (B) سوالیہ (C) قوسین (D) وقفہ

6۔ زاہد ٹیچر بننے کا مشتاق ہے۔لفظ ''مشتاق'' کے معنی ہیں۔ (       )

(A) ہنرمند (B) عقل مند (C) آرزومند (D) دولت مند

7۔ جب کسی لفظ پر ''الف لام'' لگایا جائے اور وہ الف لام نہیں پڑھا جائے تو کہلاتا ہے۔ (       )

(A) حروفِ قمری (B) حروفِ شمسی (C) سابقہ (D) لاحقہ

8۔ ایسا الفاظ جو ''و'' عطف کے ساتھ اپنی ضد کے ساتھ استعمال ہو کہلاتے ہیں۔ (       )

(A) متضاد الفاظ (B) تشبیہہ (C) استعارہ (D) سابقہ

9۔ لفظ 'مندر' کی جمع ہے۔ (       )

(A) مساجد (B) منادر (C) محلوں (D) گھروں

10۔ شعری محاسن کو اجاگر کرنا اس سے لطف اندوز ہونا کہلاتا ہے۔ (       )

(A) علم حقیقت (B) علم طریقت (C) علمِ بیان (D) علمِ خفیہ

(B) مندرجہ ذیل خالی جملوں کو پُر کیجیے 1 x 5 = 5

11۔ چاند کا مترادف لفظ ______________ ہے۔

12۔ افکار کا واحد لفظ ______________ ہے۔

13۔ ماہرین عروض نے کل ______________ اوزان مقرر کئے ہیں۔

14۔ لفظ غضب کے معنی ______________ ہیں۔

15۔ علمِ عروض میں چار حرفی یا پانچ حرفی لفظ کو ______________ کہتے ہیں۔

(C) ذیل میں دیے گئے جملو کو جوڑ ملائیے۔ 1 x 5 = 5

| Group - A | | Group - B |
|---|---|---|
| (A) مسدس میں مصرعے ہوتے ہیں | (       ) | (الف) دار |
| (B) دِل کا لاحقہ ہے | (       ) | (ب) طائر |
| (C) لفظ ''طیور'' کا واحد ہے | (       ) | (ج) چھ |
| (D) لفظ ''یوم الجمعہ'' مثال ہے۔ | (       ) | (د) 5 |
| (E) ارکانِ تشبہہ ہیں | (       ) | (ہ) حروفِ شمسی |
| | | (و) حروفِ قمری |